263

آیات نمبر 85 تا 93 میں یہود اور قریش کی طرف سے روح کے بارے میں پوچھے گئے ایک
سوال کا جواب۔ تمام جن وانس مل کر بھی اس جیسا قرآن نہیں بنا سکتے۔ مشرکین مکہ کا کوئی
معجزہ دکھانے کا مطالبہ اور اس کا جواب۔

وَ یَسۡـَٔلُوۡنَکَ عَنِ الرُّوۡحِ ؕ قُلِ الرُّوۡحُ مِنۡ اَمۡرِ رَبِّیۡ وَ مَاۤ اُوۡتِیۡتُمۡ مِّنَ الۡعِلۡمِ
اِلَّا قَلِیۡلًا ﴿۸۵﴾ اے پیغمبر (ﷺ)! یہ آپ سے روح کے بارے میں دریافت کرتے ہیں،
آپ کہہ دیجئے کہ روح میرے رب کے حکم سے ہے اور تمہیں جو تھوڑا سا علم دیا گیا ہے وہ
روح کی حقیقت کو نہیں پا سکتا وَ لَئِنۡ شِئۡنَا لَنَذۡهَبَنَّ بِالَّذِیۡۤ اَوۡحَیۡنَاۤ اِلَیۡکَ ثُمَّ
لَا تَجِدُ لَکَ بِهٖ عَلَیۡنَا وَکِیۡلًا ﴿ۙ۸۶﴾ اِلَّا رَحۡمَةً مِّنۡ رَّبِّکَ ؕ اے نبی ﷺ! ہم چاہیں
تو وہ سب کچھ آپ سے واپس لے لیں جو ہم نے وحی کے ذریعہ عطا کیا ہے، پھر آپ ہمارے
مقابلے میں کوئی حمایتی اور مددگار نہ پائیں گے جو اسے واپس دلا سکے، مگر یہ کہ آپ کے رب
کی رحمت سے اِنَّ فَضۡلَهٗ کَانَ عَلَیۡکَ کَبِیۡرًا ﴿۸۷﴾ اس میں شک نہیں کہ آپ پر اس
کا بڑا ہی فضل ہے بظاہر خطاب رسول اللہ (ﷺ) سے ہے لیکن اصل مخاطب مشرکین
ہیں، جنہیں یہ پیغام دینا مقصود ہے کہ یہ قرآن اللہ کی وحی کے ذریعہ نازل کیا گیا ہے اور کسی
طور بھی رسول اللہ (ﷺ) کا اپنا بنایا ہوا نہیں ہے قُلۡ لَّئِنِ اجۡتَمَعَتِ الۡاِنۡسُ وَ
الۡجِنُّ عَلٰۤی اَنۡ یَّاۡتُوۡا بِمِثۡلِ هٰذَا الۡقُرۡاٰنِ لَا یَاۡتُوۡنَ بِمِثۡلِهٖ وَ لَوۡ کَانَ بَعۡضُهُمۡ
لِبَعۡضٍ ظَهِیۡرًا ﴿۸۸﴾ اے نبی ﷺ! آپ کہہ دیجئے کہ اگر تمام انسان اور جنات اکھٹے
ہو کر اس قرآن کے مانند کلام بنا کر لانا چاہیں تو اس جیسا نہیں بنا سکتے خواہ وہ ایک دوسرے
کے مددگار بھی بن جائیں وَ لَقَدۡ صَرَّفۡنَا لِلنَّاسِ فِیۡ هٰذَا الۡقُرۡاٰنِ مِنۡ کُلِّ مَثَلٍ ۫

فَاَبٰۤی اَکۡثَرُ النَّاسِ اِلَّا کُفُوۡرًا ﴿۸۹﴾ اے پیغمبر (ﷺ)! ہم نے لوگوں کو سمجھانے
کے لئے اس قرآن میں ہر قسم کی مثالیں طرح طرح سے بیان کی ہیں لیکن پھر بھی اکثر
لوگ انکار اور ناشکری کئے بغیر نہ رہے وَ قَالُوۡا لَنۡ نُّؤۡمِنَ لَکَ حَتّٰی تَفۡجُرَ لَنَا مِنَ
الۡاَرۡضِ یَنۡۢبُوۡعًا ﴿ۙ۹۰﴾ اور یہ لوگ کہتے ہیں کہ آپ پر اس وقت تک ہر گز ایمان نہ لائیں
گے جب تک آپ معجزہ کے طور پر ہمارے لئے زمین سے پانی کا ایک چشمہ نہ جاری کر دیں
اَوۡ تَکُوۡنَ لَکَ جَنَّۃٌ مِّنۡ نَّخِیۡلٍ وَّ عِنَبٍ فَتُفَجِّرَ الۡاَنۡہٰرَ خِلٰلَہَا تَفۡجِیۡرًا ﴿ۙ۹۱﴾ یا
خود آپ کے لئے اچانک کھجوروں اور انگوروں کا ایک باغ بن جائے اور آپ اس کے
درمیان نہریں رواں کر دیں اَوۡ تُسۡقِطَ السَّمَآءَ کَمَا زَعَمۡتَ عَلَیۡنَا کِسَفًا اَوۡ
تَاۡتِیَ بِاللّٰہِ وَ الۡمَلٰٓئِکَۃِ قَبِیۡلًا ﴿ۙ۹۲﴾ یا جیسے آپ کہا کرتے ہیں، آسمان کے ٹکڑے ہم پر
آگریں یا اللہ اور اس کے فرشتے کھلم کھلا ہماری نظروں کے سامنے آ جائیں اَوۡ یَکُوۡنَ
لَکَ بَیۡتٌ مِّنۡ زُخۡرُفٍ اَوۡ تَرۡقٰی فِی السَّمَآءِ ؕ یا آپ کے لئے ایک سونے کا گھر بن
جائے یا آپ ہمارے سامنے آسمان پر چڑھ جائیں وَ لَنۡ نُّؤۡمِنَ لِرُقِیِّکَ حَتّٰی تُنَزِّلَ
عَلَیۡنَا کِتٰبًا نَّقۡرَؤُہٗ ؕ اور ہم آپ کے آسمان پر چڑھ جانے کا بھی اس وقت تک یقین نہ
کریں گے جب تک آپ وہاں سے ایک کتاب نہ لے آئیں جسے ہم خود پڑھ کر دیکھ لیں
قُلۡ سُبۡحَانَ رَبِّیۡ ہَلۡ کُنۡتُ اِلَّا بَشَرًا رَّسُوۡلًا ﴿۹۳﴾ اے پیغمبر (ﷺ)! آپ کہہ
دیجئے کہ پاک ہے میرا رب، میں تو اللہ کا پیغام لانے والے ایک انسان کے سوا اور کچھ بھی
نہیں ہوں رکوع [۱۰]

[#263]

In Verses 85 to 93, answer to the question posed by the Jews and Quraysh about the soul: Even if all jinn and humans were to come together to produce the like of this Qur'an, they could not produce it's like. The demand from the polytheists of Makkah to show a miracle and response from Allah.

وَ یَسۡـَٔلُوۡنَکَ عَنِ الرُّوۡحِ ؕ قُلِ الرُّوۡحُ مِنۡ اَمۡرِ رَبِّیۡ وَ مَاۤ
اُوۡتِیۡتُمۡ مِّنَ الۡعِلۡمِ اِلَّا قَلِیۡلًا ﴿۸۵﴾

[O Prophet] they ask you about the [nature] of the spirit. Say to them: "The spirit is of the affair of my Lord [alone], and you have not been given of knowledge except a little".

وَلَىِٕنۡ شِئۡنَا لَنَذۡهَبَنَّ بِالَّذِیۡۤ اَوۡحَیۡنَاۤ اِلَیۡكَ ثُمَّ لَا تَجِدُ
لَكَ بِهٖ عَلَیۡنَا وَكِیۡلًا ﴿۸۶﴾ اِلَّا رَحۡمَةً مِّنۡ رَّبِّكَ ؕ

[O Prophet] , if We willed so, We could surely take away what We have revealed to you. Then you would find no protector or helper against Us to restore it, except by the mercy of your Lord.

اِنَّ فَضۡلَهٗ كَانَ عَلَیۡكَ كَبِیۡرًا ﴿۸۷﴾

There is no doubt that His favor upon you is immense.

The apparent address is to the Messenger of Allah [peace be upon him], but the actual recipients are the polytheists, who are meant to understand that this Qur'an is revealed through Allah's divine revelation and is by no means authored by the Messenger of Allah.

قُلْ لَّىٕنِ اجْتَمَعَتِ الْاِنْسُ وَ الْجِنُّ عَلٰٓى اَنْ يَّاْتُوْا بِمِثْلِ
هٰذَا الْقُرْاٰنِ لَا يَاْتُوْنَ بِمِثْلِهٖ وَ لَوْ كَانَ بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ
ظَهِيْرًا ﴿۸۸﴾

[O Prophet!] Say, "If all the people and all the jinn were to come together to produce the like of this Qur'an, they could not produce the like of it, even if they were to assist one another".

وَ لَقَدْ صَرَّفْنَا لِلنَّاسِ فِيْ هٰذَا الْقُرْاٰنِ مِنْ كُلِّ مَثَلٍ٘ فَاَبٰٓى
اَكْثَرُ النَّاسِ اِلَّا كُفُوْرًا ﴿۸۹﴾

[O Prophet!] We have certainly set forth for the people in this Qur'an every kind of illustration, but most people persist in disbelief.

وَ قَالُوۡا لَنۡ نُّؤۡمِنَ لَکَ حَتّٰی تَفۡجُرَ لَنَا مِنَ الۡاَرۡضِ
یَنۡۢبُوۡعًا ﴿ۙ۹۰﴾

And they say, "We will never believe in you until you cause a spring to gush forth for us from the earth [as a miraculous sign].

اَوۡ تَکُوۡنَ لَکَ جَنَّۃٌ مِّنۡ نَّخِیۡلٍ وَّ عِنَبٍ فَتُفَجِّرَ الۡاَنۡہٰرَ
خِلٰلَہَا تَفۡجِیۡرًا ﴿ۙ۹۱﴾

Or [miraculously] there shall be a garden of date palms and grapevines for you. And you make rivers gush forth within them abundantly.

اَوۡ تُسۡقِطَ السَّمَآءَ كَمَا زَعَمۡتَ عَلَيۡنَا كِسَفًا اَوۡ تَاۡتِىَ بِاللّٰهِ وَ
الۡمَلٰٓـئِكَةِ قَبِيۡلًا ۙ﴿۹۲﴾

Or as you claim, the sky should fall upon us in pieces, or you should bring Allah and the angels before us face to face.

اَوۡ يَكُوۡنَ لَكَ بَيۡتٌ مِّنۡ زُخۡرُفٍ اَوۡ تَرۡقٰى فِى السَّمَآءِ ؕ

Or, you have a house [made] of gold, or you ascend to the sky in front of us [all miraculously].

وَلَنۡ نُّؤۡمِنَ لِرُقِيِّكَ حَتّٰى تُنَزِّلَ عَلَيۡنَا كِتٰبًا نَّقۡرَؤُهٗ ؕ

And we will not even believe in your ascension to the sky, until you bring down to us a book, that we can read ourselves.

قُلْ سُبْحَانَ رَبِّیْ هَلْ كُنْتُ اِلَّا بَشَرًا رَّسُوْلًا ﴿٩٣﴾

رکوع[۱۰]

[O Prophet!] say, "Glorified [and Exalted] be my Lord! Am I anything but a man, being sent as a messenger? [from Allah]"